# 1- ہوم سائنس کیا ہے؟

1- ہوم سائنس کیا ہے؟

ہوم سائنس کا تعارف: ہوم سائنس وہ علم ہے جو گھر سے متعلق ہے۔ وہ سائنسی معلومات جس میں علوم وفنون کا تال میل رہتا ہے۔ اور جس سے ہمیں اپنے گھر اور خاندان کی صحیح طرز پر دیکھ بھال کرنا اور زندگی میں روزگار یا کام کے لیے تیار ہونے کا صحیح طریقے سکھاتا ہے۔

مقاصد:

1) ہوم سائنس کیا ہے یہ سمجھنا اور اس کی اہمیت جاننا۔

2) ایک روزگار کے صورت میں ہوم سائنس کی اہمیت کو جاننا۔

3) سائنس اور فن کو جاننا۔

ذہنی نقشہ: ''ہوم سائنس'' لفظ کو بوڈ پر لکھیئے اور اس کے ساتھ ذہنی نقشے کی سرگرمی کیجئے۔

ذیل میں دیئے گئے پیراگراف کو بلند آواز اور واضح تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

ہوم سائنس کیا ہے؟

ہوم سائنس استعمال کے قابل دستیاب وسائل کو موثر طریقے سے استعمال کرنے کا ہنر ہے۔ اور ساتھ ہی یہ صحت اور خاندان کو خوش گوار بنانے اور اپنے پیشے کو کامیاب طریقے سے انجام دینے کا سائنسی علوم بھی ہے۔ ہوم سائنس اشیاء کا صحیح استعمال کرنے کا ہنر سکھاتا ہے۔ جس سے ہمارے چاروں طرف مکمل بہترین نظم، خوبصورتی اور مسرت کا ماحول پیداء کیا جاسکے۔

آیئے مباحثہ کریں۔

1) ہنر کیا ہے؟ 2) علم کیا ہے؟

گھریلو سائنس ہنر، اور علم دونوں کا تال میل ہے۔ اس کو سمجھنے کیلئے مندرجہ ذیل مثالیں دیکھیں۔

غذاء: گھریلو سائنس بتاتا ہے کہ مختلف غذائی اشیاء میں مختلف قسم کے غذائی عناصر پائے جاتے ہیں۔ یہ علم کہلاتا ہے۔ اس کے ساتھ مختلف قسم کے غذائی عناصر کا انتخاب کرنا اور اچھے انداز میں پیش کرنا یہ ایک ہنر ہے۔

سرگرمی-1 :

پڑھ کر بتائیں کہ ذیل میں دی گئی سرگرمیوں میں کونسی سرگرمی سائنسی ہے۔ اور کونسی فنون والی ہے۔

1) غسل کرنا 2) ناشتہ بنانا 3) گھر کی ساف سفائی کرنا 4) کپڑے دھونا وغیرہ

ذیل میں دیئے گئے پیراگراف کو بلند آواز اور واضح تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

ہوم سائنس پڑھنا کیوں ضروری ہے؟ ہوم سائنس کے مختلف علاقوں کا مطالعہ کر کے آپ خود اپنے وسائل کا بہتر انتظام کر سکتے ہیں۔ اگر اس کام میں کسی طرح کے مسائل پیداء ہوتے ہیں تو ہوم سائنس اسکو حل کرنے کے لئے صحیح راستہ مہیا کرتا ہے۔ ایسا کرنے سے آپ زیادہ منظّم اور ہنر مند ہو جائیں گے۔ ہوم سائنس خواتین اور مرد حضرات دونوں کے لئے مناسب روزگار کے کئی ایک مواقعوں کا جامعہ علاقہ دستیاب کراتا ہے۔

سرگرمی-2:

طلبہ کے چار گروپ بنائیں اور ہر ایک گروپ کو مباحثہ کے لیے نیچے دئے گئے بیانات میں سے ایک ایک بیان دیجیے۔ مباحثہ کے بعد انھیں اپنے نتائج کو پیش کرنے کی ہدایت دیں۔

1) بچوں کی دیکھ بھال کرنا خواتین کا کام ہے۔

2) مردوں کو کھانا بنانے کے بارے میں جاننا یہ ضروری نہیں ہے۔

3) پیسوں کی منصوبہ بندی مرد زیادہ بہتر ڈھنگ سے کرتے ہیں۔

4) گھر کی صفائی صرف عورتوں کا کام ہے۔

آئیے مباحثہ کریں:

ہوم سائنس لڑکے اور لڑکیوں دونوں کے لیے ہے۔

1) دونوں کو ایک جیسے تیز کام مادی دنیا میں کامیاب ہونا ہے۔

2) دونوں کو گھریلو ذمہ داریوں کاموں میں شراکت کرنی ہے۔

3) دونوں کو وسائل کا انتظام کرنا ہے۔

4) کوئی مسلئہ پیداء ہونے پر دونوں کو خاندان کے افراد کے ساتھ ملکر اسکا حل ڈھونڈنا ہے۔

5) ہوم سائنس لڑکے اور لڑکیوں دونوں کے لیے مختلف قسم کے کاروباری مواقع مہیا کرواتا ہے۔

سرگرمی 3:

آپ کے گاؤں کے کسی کامیاب محنتی تاجر شخص کو مدوع کیجیے اور ان کے کاروبار کی کامیابیوں کے بارے میں اپنے تجربات بتانے کے لیے کہیئے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

لجت پاپڑ کا نام آپ نے ضرور سنا ہوگا۔ کیا آپ اس کی کہانی جانتے ہیں؟ لجت پاپڑ کا کاروبار 1959 میں سات عورتوں نے ملکر شروع کیا تھا۔ صرف 80 روپیوں سے اس کام کی شروعات کی گئی اور پہلے دن ایک کلو پاپڑ بیلنے سے 50 روپے منافع کمایا گیا۔ آج لجت 1600 کروڑ کا کاروبار اور تقریبا تین لاکھ پچاس ہزار عورتیں اس کام میں جڑی ہوئی ہیں۔ لجت پاپڑ کے مرکزوں پر آٹا گوندھا جاتا ہے۔ مرکز سے جڑی خواتین صبح یہاں سے گوندھا ہوا آٹا اپنے گھر لیجاتی ہیں اور دوسرے دن اپنے پاپڑ بنا کر واپس لاتی ہیں یہاں اس کے معیار کی جانچ کی جاتی ہے۔ اور ساتھ ہی عورتوں کو ان کی مزدوری بھی دیجاتی ہے۔ اس طرح ایک عورت ایک دن میں اوسط 650 روپے کمالیتی ہے۔

اہم الفاظ:

1) کاروبار 2) کاروباری 3) مقابلہ 4) روزگار